ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (420)

01.08.23

**بہاول پور(        )پولیس پکار 15 سنٹرالائزڈ سسٹم کی ماہانہ کارکردگی رپورٹ جاری۔ ماہ جولائی 2023 میں کل 27197 ایمرجنسی کالز میں سے 19314 فیک اور غیر متعلقہ موصول ہوئیں،شہری صرف ایمرجنسی کی صورت میں 15 پر کال کریں تاکہ پولیس کی بروقت اور فوری امداد میسر ہو سکے،پولیس کی طرف سے کسی بھی سطح پر ریسپانس میں سستی یا غفلت پر محکمانہ احتسابی کارروائی ہوگی،ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی ہدایات کے مطابق پکار 15 سنٹرالائزڈ سسٹم بہاول پور پنجاب سیف سٹی اتھارٹی کے ساتھ سنٹرالائزڈ اور 24/7 انچارج محمد اقبال کی نگرانی میں ایکٹیو ہے۔ ماہ جولائی 2023 میں پکار 15 سنٹرالائزڈ سسٹم پر کل 27197 کالز موصول ہوئیں،جن میں 5490 کالز پر فوری امداد جبکہ 2258 کالز پر شہریوں کی رہنمائی کی گئی جبکہ 19314 جھوٹ پر مبنی کالز موصول ہوئیں۔ٹریفک کیسز سے متعلق 135 کالز موصول ہوئیں،جس پر لوگوں کی امداد اور رہنمائی فراہم کی گئی۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ عوام ایمرجنسی صورتحال میں پکار 15 پر اطلاع دیتے ہیں،متعلقہ پولیس کی طرف سے بروقت ریسپانس ملے تو عوام کا پولیس پر اعتماد بھی بڑھ جاتا ہے جبکہ معاشرہ سنگین وارداتوں اور ان کی حساسیت سے بھی محفوظ ہو جاتا ہے،اگر متعلقہ پولیس بروقت رسپانس نہ کرے تو عوام کی طرف سے جہاں پر پولیس کے حوالے سے منفی تاثرات بڑھنا شروع ہو جاتے ہیں وہاں پر وارداتوں کے وقوع پذیر ہونے کے امکانات بڑھ جاتے ہیں،پولیس کا اولین فرض ہے کہ شہریوں کی جان و مال اور عزت و آبرو کا تحفظ کو یقینی بنائے۔شہریوں سے اپیل ہے کہ صرف سچ اور حقیقت پر مبنی اور ایمرجنسی صورت حال کے پیش نظر پکار 15 پر کال کریں تاکہ عوام الناس کو پولیس کی بروقت اور فوری امداد میسر ہو سکے اور سماج دشمن عناصر کو ان کے مذموم مقاصد میں کامیاب ہونے سے روکا جا سکے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاولپور: ڈی پی او سید محمد عباس کی ہدایات کی روشنی میں منشیات کے عادی افراد کی بحالی کیلئے اعلاج معالجہ کے ساتھ ساتھ جسمانی ورزش کا عمل بھی جاری ہے

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ


پریس ریلیز(421)

01-08-2023

**بہاولپور(                    )وزیراعلی پنجاب اورآئی جی پنجاب ڈاکٹرعثمان انورکی منشیات کے خلاف جاری مہم میں بہاولپور پولیس نے ڈی پی اوسیدمحمدعباس کی ہدایات کی روشنی میں عادی منشیات بحالی اسکواڈ ( Drug Addict rehabilitation squad) میں منشیات کے عادی افرادکا علاج معالجہ جاری ہے۔بہاولپورکومنشیات فری زون بنانے کاعزم کیاہے۔ڈی پی او سیدمحمدعباس**

تفصیلات کے مطابق وزیراعلی پنجاب اورآئی جی پنجاب ڈاکٹرعثمان انورکی طرف سے منشیات کے خلاف جاری مہم میں بہاولپور پولیس کی طرف سے ڈی پی اوسیدمحمدعباس کی ہدایات کی روشنی میں منشیات کے عادی افرادکی بحالی کیلئے خصوصی اسکواڈ نے منشیات کے عادی افراد کے علاج معالجہ کا کام شروع کردیا۔اسکواڈ انچارج سب انسپکٹرمحمدایوب نے اپنی ٹیم کنسٹیبلان محمدمحبوب،اسداللہ، اظہرسعید،محمدندیم اورڈرائیورکسنٹیبل محمدمبین کے ہمراہ نشے کے عادی افرادکو بہاولپورشہرکےمختلف علاقوں سے (pick) کرکے پولیس لائنزمیں قائم عادی منشیات بحالی ہسپتال لایاجارہاہے۔ہسپتال میں ان افرادکوفری رہائش،بہترین کھانا،دھوبی،ہیئرکٹنگ کی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔محکمہ پولیس نے دیگرسرکاری ونیم سرکاری اداروں کے تعاون سے نشے کے عادی افرادکا خصوصی طورپرعلاج معالجہ شروع کردیاہےاورانکی زندگی کی طرف بحالی کوممکن بنانے کے لئے علاج معالجہ کےساتھ ساتھ روزانہ کی بنیادپرمختلف جسمانی ورزش کاعمل بھی جاری ہے۔نشے کے عادی افرادکی بحالی کے بعدانہیں ان کی فیملیز کےحوالے کیاجائے گا۔علاج معالجہ کے بعدان کامکمل فالواپ لیاجائے گا تاکہ وہ دوبارہ اس لت میں نہ پڑسکیں۔اس موقع پرڈی پی اوسیدمحمدعباس نے بات کرتے ہوئے کہاکہ نوجوانوں کامستقبل تاریک ہونے سے بچانے کی بھرپورکوشش جاری ہے،یہ ایک صدقہ جاریہ بھی ہےاورہمارافرض بھی۔بہاولپورکومنشیات فری زون بنانے کاعزم کیاہےجس کوانشااللہ ہرصورت پوراکیاجائے گا۔

**ترجمان بہاولپورپولیس**




بہاولپور:بہاولپورپولیس کی جانب سے پولیس پکار 15 سنٹرالائزڈسسٹم کی ماہانہ کارکردگی رپورٹ جاری